المکرمة النبوية فی الفتاوی المصطفویة

شہزادۂ اعلیٰ حضرت، امام الفقہا، مفتیٔ اعظم ہند

تصنیف: حضرت علامہ مصطفٰے رضا قادری نوری علیہ الرحمہ

متوفی (۱۴۰۲ھ/1981ء)

ALAHAZRAT NETWORK

اعلحضرت نیٹ ورک

www.alahazratnetwork.org

کتاب الذبائح

ذبح کا بیان

سوال۔ طوطا، ہدہد، بگلا، خرگوش حلال ہیں یا نہیں بعض کہتے ہیں طبعی ہیں۔ طبعی سے کیا مراد ہے؟ بینوا توجروا

جواب۔ سب حلال ہیں مگر وہ طبعی کے یہ معنی ہیں جس سے طبیعت کراہت کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

سوال۔ مردار مرغی فروخت کرکے اس کی قیمت مسلمان کو کھانے پینے پہننے میں لانا چاہیے یا نہیں؟

جواب۔ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ۔ از مظفر پور مرسلہ انوار الحق صاحب قادری رضوی حامدی ۲۲ جمادی الآخرہ ۵۲ھ

عورت مرغ یا اور کوئی جانور ذبح کر سکتی ہے یا نہیں اگر کر سکتی ہے تو کوئی حدیث اس کے بارے میں آئی ہے یا نہیں؟

الجواب۔ عورت کا ذبیحہ جائز ہے سراجیہ پھر سراج المنیر میں ہے تجوز ذبیحۃ المرأۃ[1] مشکوٰۃ و بخاری میں حدیث بھی موجود ہے عن کعب بن مالک انہ کان لہ غنم ترعی بسلع فابصرت جاریۃ لنا بشاۃ من غنمنا موتا فکسرت حجرا فذبحتہا بہ فسأل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فامرہ باکلہا[2]۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ۔ زید ایک سانڈ پکڑ کر لایا اور ذبح کرکے کھایا اور حلال ہونے کا دعویٰ بھی کرتا ہے اور اس کی حلت کا بھی قائل ہے مال غیر مسلم ہونے کے سبب سے اور بکر حرمت اس کی مثل سور کے قرار دیتا ہے آیا بکر کی حرمت کا قول صحیح ہے یا غلط اور زید کا حلال سمجھنا اور دعوٰی حلت کا کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

المستفتی محمد اسحٰق موضع صمد اٹولہ

الجواب۔ وہ سانڈ شرعاً حلال جانور ہے اس کی حلت میں کوئی شبہ نہیں۔ وہ اگر بنام خدا ذبح کیا جائے تو حلال ہوگا وہ محض اس لئے کہ بتوں کے نام پر چھوڑ دیا گیا حرام نہ ہوگا بتوں کے نام پر چھوڑنے سے حلال جانور حرام نہیں ہو جاتا غیر خدا کے نام پر جو ذبح کیا جائے وہ حرام ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ۔ از رائے بریلی مرسلہ شیخ چھدا صاحب ۲۵ محرم الحرام ۵۸ھ

[1] سراجیہ بہامش قاضی خاں جلد ۳ ص ۱۰، [2] مشکوٰۃ ص ۳۵۷